10108- تفریحی یا دعوتی مقاصد سے گرجا گھر میں جانا جائز ہے؟

سوال

سوال : ہمارے ہاں متعدد گرجا گھر موجود ہیں، کیا وہاں پر موجود پادریوں سے بحث و تمحیص کیلئے جانا جائز ہے؟ اور کیا اُسے دیکھنے یا اُنکے افعال دیکھنے کیلئے گرجا گھر جا سکتے ہیں؟

پسندیدہ جواب

اہل علم حضرات کیلئے گرجا
گھر میں دعوتی مقاصد کے ساتھ جانا جائز ہے، جبکہ تفریحی مقاصد کیلئے جانا جائز
نہیں؛ کیونکہ اسطرح جانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، پھر یہ بھی خدشہ ہے کہ کوئی مسلمان
اُن سے متاثر ہو سکتا ہے، خاص طور پر اگر دینی تعلیمات سے نابلد ہو تو متاثر ہونے کا
زیادہ خدشہ ہے، کہ وہ اُن کی جانب سے اُٹھائے جانے والے شبہات کا ازالہ نہیں کر پائے
گا.